www.iqbalkalmati.blogspot.com

موسیقی کی پہلی کتاب

Learn Music...
With Midi lessons and on screen Piano

خالد ملک حیدر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

موسیقی کی پہلی کتاب

Staff Notation Tutor

خالد ملک حیدرؔ

پلس کمیونی کیشنز۔

505۔ہما بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور#54570 پاکستان

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(۱)۔ ابتدائیہ	۳	(۱۱)۔ نغماتی جملے۔	۴۶
(۲)۔ مبادیات۔	۵	(۱۲)۔ راگ، ٹھاٹھ	۴۹
(۳)۔ ساز۔	۱۱	(۱۳)۔ لوک نغمے۔	۵۴
(۴)۔ نغماتی نقوش و کلیات۔	۱۷	(۱۴)۔ ملی نغمے۔	۶۲
(۵)۔ مشق تال دادرا۔	۱۹	(۱۵)۔ کورڈ سسٹم۔	۷۵
(۶)۔ مشق تال کہروا۔	۲۲	(۱۶)۔ مروجہ راگ	۷۷
(۷)۔ سُر اور تال نویسی۔	۳۲	(۱۷)۔ اختتامیہ	۸۰
(۸)۔ مشق تال چلت دادرا۔	۳۷		
(۹)۔ نظامِ موسیقی۔	۳۹		
(۱۰)۔ مروّجہ ٹھاٹھ۔	۴۳		

اشاعت اوّل۔ : مارچ ۱۹۸۶ء

اشاعت دوم۔ : اگست ۲۰۰۹ء

ٹائٹل : برہان الدین شہاب (افغانی)

: پلوشہ سکیننگ سنٹر، جنگی محلہ، پشاور شہر۔

ناشر۔ : Plus Communiations لاہور

پرنٹر۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بسمِ اللّٰہِ الرّحمٰنِ الرّحیم

اِبتدائیہ

شکر ہے اُس ربّ العالمین کا جس نے اِتنی مُہلت دی کہ میں شائقین موسیقی کیلئے کچھ لکھ سکوں۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، یہ کتاب موسیقی کے طلبہ کیلئے لکھی گئی ہے۔ اِس کا مقصد صرف اِتنا ہے کہ ایک طالب علم عملی موسیقی کے ساتھ ساتھ اُردُو اور سٹاف نوٹیشن دونوں میں موسیقی لکھ پڑھ سکے۔ کسی علم کی نشوونما اور بقا کیلئے ضروری ہے کہ وہ تحریری صورت میں لائی جا سکے۔ ہمیں اگر اپنی موسیقی کو زندہ رکھنا ہے تو سُر نویسی کی تعلیم اِنتہائی ضروری ہے۔

موسیقی نہ صرف علم اور سائنس ہے بلکہ ایک ایسی عالمی زبان ہے، جسے دُنیا کا ہر انسان سمجھ سکتا ہے۔ اور اِس سے لطف اندوز ہو سکتا ہے۔ زبان کوئی بھی ہو وہ اُس وقت تک مکمل نہیں کہلائی جا سکتی جب تک کہ ضابطہ تحریر میں لائی نہ جا سکے۔ موسیقی اِس لحاظ سے ایک مکمل زبان ہے کہ اِسے سٹاف نوٹیشن میں لکھا پڑھا جا سکتا ہے۔ یہ مغربی موسیقاروں کی اِختراع ہے اور اِسی کی بدولت مغربی موسیقی آج ساری دُنیا میں متعارف ہے۔ لیکن افسوس یہ ہمارے ہاں رواج نہ پا سکی۔ وجہ صرف یہ، کہ ہماری موسیقی اِبتدا ہی سے ایسے لوگوں کے ہاتھ میں رہی جو علم کی دولت سے بہرہ ور نہ تھے۔ چونکہ موسیقی اُن کا پیشہ تھا، اُنہوں نے اپنی اولاد کو سوائے موسیقی کے دوسری تعلیم دینے کی ضرورت محسوس نہ کی جس کی وجہ سے یہ علم تحریر میں نہ لایا جا سکا اور سینہ بہ سینہ روایت کی وجہ سے معدوم ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اللہ بھلا کرے اُن موسیقاروں کا جنہوں نے اِس سمت کام کیا اور اِس علم کو کافی حد تک ضائع ہونے سے بچایا۔ لیکن یہ اِبتدائی سُر نویسی صرف دُھرپد دھمار اصناف تک ہی دُرست مانی جا سکتی ہے۔ اِس کتاب میں اُردُو موسیقی کو سٹاف نوٹیشن کے خطوط پر اُستوار کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور سٹاف نوٹیشن بھی تفصیل سے دے دی گئی ہے۔

اِنڈو پاک اور مغربی موسیقی میں دو بالکل مختلف نظام رائج ہیں، اِسی وجہ سے طرزِ تعلیم بھی مختلف ہیں۔ مغربی موسیقی کی بنیاد ہم آہنگی (Harmony) پر ہے۔ اِس میں کورڈ سسٹم (Chord System) اور چہار جماعتی ہم آہنگ گائیکی بجائیکی (4 Part Harmony) کا نظام رائج ہے۔ مُبتدی کو آسان دُھنیں کوڈز کی مدد سے سکھلائی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جاتی ہیں، اور سٹاف نوٹیشن کی ابتدا اسی سے تعلیم دی جاتی ہے۔ انڈوپاک موسیقی میں نغمگی (Melody) کو اوّلیت حاصل ہے۔ اور ٹھاٹھ راگ کا نظام قائم ہے۔ مختلف النکاروں، مینڈھ، مُرکیوں کے ذریعے سے گلے یا ساز میں گائیکی اور روانی پیدا کی جاتی ہے۔ یہاں 'سر نویسی کا کوئی دخل نہیں، ساری مشق یاداشت سے ہی ہوتی ہے۔

اس کتاب میں موسیقی لکھنے پڑھنے کے لئے ایک نیا انداز متعارف کرنے کی جسارت کی گئی ہے۔ جس کی بنیاد نغماتی کلیات پر ہے۔ جس طرح حروف سے لفظ اور الفاظ سے مصرعے۔ شعر اور غزل گیت بنتے ہیں۔ اسی طرح 'سروں سے نغماتی نقش (Musical Design)، نغماتی نقوش سے ایک نغماتی 'جملہ Musical Phrase اور نغماتی 'جملوں سے ایک نغمہ Melody تخلیق پاتا ہے۔ اسی اصول کو مدِ نظر رکھ کر تین اور چار ماتروں میں مختلف 'سروں میں ریاضی کے معروف طریق کار Permutation and Combination کے استعمال سے مختلف نغماتی نقوش بنائے گئے اور پھر ان سے نغماتی کلیات اخذ کئے گئے۔ اس کتاب میں شامل تمام اسباق انہی 'کلیات کی' بنیاد پر ترتیب دئے گئے ہیں۔ چونکہ ایک نغمہ، نغماتی نقوش کی آمیزش سے بنتا ہے۔ اسلئے امید ہے کہ ان اسباق کی مشق کے بعد ایک مُبتدی، موسیقی آسانی سے لکھ پڑھ سکے گا۔

علم سکھانے کا ایک اصول یہ بھی ہے کہ مُبتدی کو معلوم سے نامعلوم کی طرف لے جایا جائے۔ یعنی جو باتیں وُہ نہیں جانتا وُہ اُسے اُن باتوں کے حوالے سے سکھلائی جائیں جو وہ پہلے سے جانتا ہے۔ اسی لئے اس کتاب میں مقبول لوک دُھنوں اور ملی نغموں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ لوک دُھنیں چونکہ مختلف علاقائی زبانوں میں ہیں۔ اس لئے ان پر اُردو بول لکھوائے گئے ہیں۔ اس تعاون کیلئے میں پروفیسر طٰہٰ خان کا ممنون ہوں۔

پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن لمیٹڈ کا شکریہ ادا کرنا بھی میرا فرض ہے۔ جس نے اپنے مقبول نغموں کی اشاعت کی اجازت دے کر اس کتاب کی افادیت بڑھانے میں میری مدد کی۔

خالد ملک حیدرؔ

مارچ ۱۹۸۶ء ۸۹۲ اہلِ حدیث اسٹریٹ، چوک فوارہ، پشاور صدر، صوبہ سرحد

فون = 091_5274720

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سُر نویسی

موسیقی لکھنے پڑھنے کے لئے چار باتوں کا جاننا ضروری ہے۔

(۱)۔ موسیقی کی مُبادیات (۲) تال سے واقفیت۔

(۳)۔ سُروں کی مختلف وقفہ ادائیگی (Duration)۔ کسی سُر کو ایک خاص مقررہ وقفہ تک بجانا۔

(۴)۔ سُروں کی اُونچائی، نیچائی۔ نغمے میں استعمال ہونے والے سُروں کے رُوپ۔ اُردو موسیقی میں کومل، تیور سُر اور مغربی موسیقی میں نیچرل، فلیٹ اور شارپ سُروں کی پہچان۔

آواز کا زیر و بم

اگر ہم ایک آواز لیں اور اُسے کسی ذریعہ سے اُونچی کرنا شروع کریں۔ سائرن کی آواز کی طرح۔ تو ہم دیکھیں گے کہ جوں جوں یہ عمل بڑھتا جائے گا آواز تیلی اور اُونچی ہوتی جائے گی۔ آخر ایک ایسی حد پہنچے گی جس مقام کی آواز ابتدائی آواز سے دُگنی اُونچی ہوگی۔ فرض کیا ابتدائی آواز کی فریکونسی یعنی فی سیکنڈ لہروں کی تعداد ۲۴۰ ہے۔ آواز کی اُونچائی کے ساتھ ساتھ یہ لہریں فی سیکنڈ بھی بڑھتی جائیں گی۔ اور آخر ایک ایسی حد پہنچے گی جہاں کی فریکونسی ۴۸۰ ہوگی۔ آواز کی اِن دو حدوں کے درمیانی فاصلہ کو سپتک یا استھان کہتے ہیں۔ ماہرین موسیقی نے سپتک کو سات حصوں میں تقسیم کرکے اِن کے مندرجہ ذیل نام رکھ لئے ہیں۔

C	سا̄	۴۸۰
B	نی	۴۵۰
A	دھا	۴۰۵
G	پا	۳۶۰
F	ما*	۳۲۰
E	گا	۳۰۰
D	رے	۲۷۰
C	سا	۲۴۰

(۱)۔ کھرج۔ سا (۲)۔ رِکھب۔ رے (۳)۔ گندھار۔ گا

(۴)۔ مدھم۔ ما (۵)۔ پنچم۔ پا (۶)۔ دھیوت۔ دھا (۷)۔ نِکھاد۔ نی

سپتک میں ہر سُر کو ابتدائی سُر سے ایک خاص نسبت ہے۔

بلاول ٹھاٹھ	سا	رے	گا	ما*	پا	دھا	نی	سا̄
مغربی موسیقی کے نام	Do	Re	Mi	Fa	So	La	Ti	Do
میجر سکیل	C	D	E	F	G	A	B	C

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مندرجہ بالا سرگم برِّ ہندو پاک موسیقی میں بلاول ٹھاٹھ کہلاتی ہے۔اور مغربی موسیقی میں میجر سکیل (Major Scale) کے نام سے پہچانی جاتی ہے۔ہماری موسیقی میں سُروں کے نام سے ہی ظاہر ہوتا ہے کہ کوئی سُر کتنی اُونچی یا نیچی ہے، جبکہ مغربی موسیقی میں سُروں کی اُونچائی نیچائی (Pitch) پانچ متوازی لکیروں کے ذریعے ظاہر کی جاتی ہے۔اِن متوازی لکیروں کو سٹاف (Staff) کہتے ہیں۔اِسی وجہ سے مغربی موسیقی کی سُر نویسی سٹاف نوٹیشن (Staff Notation) کہلاتی ہے۔یہ اصل میں ایک میوزیکل گراف ہے۔

سٹاف پر سُروں کی پہچان

مندرجہ ذیل پانچ متوازی لکیریں Staff سُروں کی اُونچائی نیچائی (Pitch) ظاہر کرتیں ہیں۔بوقت ضرورت اِن پانچ لکیروں کے اُوپر یا نیچے چھوٹی لکیریں کھینچ لی جاتی ہیں جو لیجر لائن (Ledger Lines) کہلاتی ہیں۔



سُر نویسی میں سُر کو ایک چھوٹے سے دائرے کی صُورت میں لکیروں کے اُوپر یا دو لکیروں کے درمیان لکھا جاتا ہے۔جیسے کہ اشکال سے ظاہر ہے۔یہ دائرے Note Head کہلاتے ہیں۔اِن کے ساتھ ایک عمودی لکیر بھی کھینچ لی جاتی ہے جسے Stem کہتے ہیں۔



بلاول ٹھاٹھ

Major Scale

میجر سکیل کا پہلا بنیادی سُر C سٹاف کے نیچے پہلی لیجر لائن پر لکھا جاتا ہے۔سُروں کی مختلف وقفہ ادائیگی کیلئے اِس کی مختلف صُورتیں ہیں۔سٹاف کی مندرجہ بالا صُورت میجر سکیل ظاہر کرتی ہے۔اِس لئے اِن سُروں کے اِن مقامات کو ہمیشہ کیلئے ذہن نشین کرلیں۔

جو سُر لکیروں کے درمیان ہیں اُنہیں (FACE) کے لفظ سے یاد رکھا جاسکتا ہے۔اور جو سُر لکیروں کے اُوپر ہیں اُنہیں اِس فقرے Every good boy desrves favour. کی مدد سے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اگر پیانو کے پہلے سفید پردے کو کھرج (C) مان لیا جائے تو سُروں کی آروہ Ascending میں سب سفید پردے میجر سکیل (بلاول ٹھاٹھ) ظاہر کرتے ہیں۔

سفید پردے

بلاول۔ میجر سکیل۔

C Major

بلاول ٹھاٹھ۔

سپتک کی اقسام

اگر ایک آواز لیں اور اسے کسی ذریعہ سے اُونچا کرتے جائیں تو اس سے لاتعداد سپتک (Octave) پیدا ہوتی ہیں۔ کسی ساز پر جب کسی پردہ Key کو کھرج مان کر گایا جایا جاتا ہے تو اُس سُر سے پیدا ہونے والی سپتک، مدھ سپتک Middle Octave کہلاتی ہے۔ اِس سپتک سے نچلی سپتک ، مندر سپتک Lower Octave اور اُوپر کی تار سپتک Higher Octave کہلاتی ہے۔ مندر سپتک کی سُروں کی پہچان کیلیے سُروں کے نیچے زیر کا نشان / لکھا جاتا ہے۔ اور تار سپتک کی سُروں کی پہچان کے لئے سُروں کے اُوپر ـــ کا نشان لگا دیا جاتا ہے۔ مدھ سپتک کی سُروں پر ایسا کوئی نشان نہیں لکھا جاتا۔



گا رے سا نی دھا پا ما* گا رے سا نی دھا پا

Lower | Middle | Higher

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سٹاف نوٹیشن میں سپتک ظاہر کرنے اور نغماتی نقوش جُدا رکھنے کیلئے مندرجہ ذیل نشانات استعمال کئے جاتے ہیں۔

کلیف Clef



وہ نشانات جو سٹاف کے انتہائی بائیں جانب سپتک Octave کا درجہ ظاہر کرنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ وہ کلف کہلاتے ہیں۔ مدھ سپتک Middle Octave کیلئے لکھا جانے والا نشان C Clef کہلاتا ہے۔ مندر سپتک Lower Octave کیلئے ان لکیروں کے نیچے مزید پانچ لکیریں لگادی جاتی ہیں۔ جن کیلئے استعمال ہونے والا نشان Bass Clef کہلاتا ہے۔

بار لائنز

Bar Lines کسی نغماتی جُملے کو چھوٹے چھوٹے تین یا چار ماتروں کے نغماتی نقوش میں تقسیم کر کے عمودی لکیروں | ـ ـ ـ | سے جُدا رکھا جاتا ہے۔ یہ بار لائنز یا آورد کہلاتی ہیں۔

سُر کی ادائیگی کا وقفہ

کسی نغمہ میں سُروں کی حرکت یا چال کی رفتار کی شرح، لےَ (Tempo) کہلاتی ہے۔ جس طرح وقت کی پیمائش کیلئے اکائی سیکنڈ ہے، اسی طرح لے کی پیمائش کیلئے اکائی **ماترہ** (Beat) ہے۔ مثلاً گھڑی کی آواز۔ مختلف نغمات کی مختلف لے کی مناسبت سے ماترہ کا وقفہ ادائیگی چھوٹا یا بڑا ہو سکتا ہے۔ لیکن کسی نغمہ کی لے میں تمام ماترے برابر وقفہ کے ہوتے ہیں۔

اُردو سُر نویسی میں کسی سُر کا نام ایک ماترہ ظاہر کرتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک چھوٹی لکیر (ـ) بھی ایک ماترہ ظاہر کرتی ہے۔ اگر کسی سُر کے بعد یہ نشان ہو تو اُس سُر کو ایک ماترہ مزید بڑھایا جائے گا۔ مثال دیکھیں۔

سا رے ـ گا ـ ـ پا دھا ـ ـ ـ نی سَا

مندرجہ بالا سرگم میں سا، پا اور نی، سَا سُروں کا وقفہ ادائیگی ایک ایک ماترہ ہے۔ جبکہ رے سُر دو ماترہ، گندھار تین ماترہ، اور دھا سُر چار ماتروں کے برابر ہے۔ مغربی موسیقی میں، جیسے کہ پہلے بتایا جا چکا ہے، سُر کو سٹاف پر ایک چھوٹے دائرے کی صورت میں لکھا جاتا ہے۔ مختلف وقفہ ادائیگی کیلئے مندرجہ نشانات استعمال کئے جاتے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



Semi Breve (Whole Note) = چار ماترے لمبی سُر = سا۔۔۔

Minim (Half Note) = دو ماترے لمبی سُر = سا۔

Crochet (Quarter Note) = ایک ماترہ لمبی سُر = سا

Quaver (8th Note) = نصف ماترہ لمبی سُر = سا+

Semi Quaver (16 th Note) = چوتھائی ماترہ لمبی سُر = سا+++



کسی سُر کے آگے ایک نُقطہ کا نشان اُس سُر کی نصف لمبائی ظاہر کرتا ہے۔ ایسی صورت میں وُہ سُر جس کے آگے ایک نُقطہ ہو اپنی لمبائی کے نصف ماتروں کے برابر مزید لمبی کی جائے گی۔ ایسی سُروں کو Dotted Notes کہتے ہیں۔ اِن کی مثالیں دیکھیں۔



اگر کسی ماترے پر خاموشی اختیار کرلی جائے تو سٹاف نوٹیشن میں اِسے Rest کہتے ہیں۔ اِس کیلئے مندرجہ ذیل نشانات مستعمل ہیں۔



چار ماتروں کے برابر خاموشی = ++++ (چوتھی لکیر کے نیچے نشان)

دو ماتروں کے برابر خاموشی = ++ (تیسری لکیر کے اوپر نشان)

ایک ماترے کے برابر خاموشی = +

نصف ماترے کے برابر خاموشی = +

تال (Rythm) سُروں کی چال کے پیمانے کو تال کہتے ہیں۔ جس طرح کسی شعر کی بحر ہوتی ہے مثلاً فاعلن، فاعلن فاعلات، جس میں تین رُکن اور دس حروف ہیں، اِسی طرح ایک تال میں بھی رُکن اور ماترے ہوتے ہیں۔ اُردو سُر نویسی اور اسٹاف نوٹیشن دونوں میں یہ رُکن دو عمودی لکیروں کے درمیان لکھے جاتے ہیں۔ جنہیں اُردو (Bar) کہتے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مندرجہ ذیل باتیں یاد رکھنا ضروری ہیں تاکہ دونوں موسیقی کا فرق سمجھا جا سکے

(۱)۔ ہماری سُر نویسی اُردو زبان میں ہونے کی وجہ سے دائیں طرف سے لکھی پڑھی جاتی ہے۔ جبکہ سٹاف نوٹیشن انگریزی زبان کی طرح بائیں سے لکھی پڑھی جاتی ہے۔

(۲)۔ ہماری موسیقی کا بنیادی ٹھاٹھ (سکیل) کلیان ٹھاٹھ ہے جس میں سب سُر تیور ہیں۔ اسی ٹھاٹھ سے سُروں کے باری باری روپ تبدیل کر کے مختلف ٹھاٹھ بنائے گئے ہیں۔ (جو گائے بجائے نہیں جاتے)۔ ان ٹھاٹھوں سے مزید نغماتی سرگم اخذ کی گئیں ہیں جو گائی بجائی جاتی ہیں اور راگ راگنیاں کہلاتی ہیں۔ دوسرے لفظوں میں ہماری انڈو پاک موسیقی کی بنیاد ٹھاٹھ راگ نظام ہے۔ جس کی بنیاد نغمگی (Melody) ہے۔

مغربی موسیقی کی بنیادی سکیل (ٹھاٹھ) میجر سکیل (Major Scale) ہے۔ جس میں مدھم سُر کومل اور باقی سُر تیور ہوتے ہیں۔ (یہ ٹھاٹھ ہماری موسیقی میں بلاول ٹھاٹھ کہلاتا ہے۔) اس موسیقی کی بنیاد ہم آہنگی Harmony ہے۔ جس کی وجہ سے کورڈ سسٹم اور چار حصہ گائیکی بجائیکی کا اس موسیقی میں رجحان بڑھا اور اسی سمت اس میں ترقی ہوئی۔

(۳)۔ ہم اپنی اُردو موسیقی میں کسی ساز پر کسی بھی سُر کو کھرج (سا، بنیادی سُر) مان کر گا بجا سکتے ہیں۔ جبکہ مغربی موسیقی میں بنیادی میجر سکیل کا بنیادی سُر (C _ Tonic Note) جس کی فریکونسی ۲۴۰ ہے۔ ہر ساز پر متعین ہے۔ پیانو پر پہلا سفید پردہ C ہے۔ یہاں سے میجر سکیل کیلئے سارے سفید پردے استعمال ہوتے ہیں۔ اس پردے سے کلیان ٹھاٹھ کیلئے چوتھے سفید پردے کی بجائے تیسرا سیاہ پردہ استعمال ہوگا۔ کیونکہ میجر سکیل (بلاول ٹھاٹھ) میں کومل مدھم (F) ہے۔ جبکہ کلیان ٹھاٹھ میں تیور مدھم۔ (ایک سیمی ٹون اونچی)۔

کلیان ٹھاٹھ ما^ F#



بلاول ٹھاٹھ



www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہارمونیم

پیانو ۔ اکارڈین ۔ الیکٹرانک میوزیکل کی بورڈز۔

ان تمام سازوں میں کی بورڈ Key Board ایک جیسا ہوتا ہے۔ سُر بجانے کیلئے دبانے والا حصہ پردہ Key کہلاتا ہے۔ یہ پردے ایک خاص ترتیب سے بنائے جاتے ہیں۔ ہر سپتک میں سات سفید پردے اور ان کے درمیان اوپر کی جانب پانچ سیاہ پردے اُبھرے ہوتے ہیں۔ چونکہ یہ ایک مغربی ساز ہے۔ اسلئے مغربی موسیقی کی بنیادی میجر سکیل (بلاول ٹھاٹھ) کو مدِ نظر رکھ کر اس طرح سے بنایا گیا ہے۔ کہ پہلے سفید پردے سے میجر سکیل صرف سفید پردوں پر ہی بج سکے اور میجر سکیل کی درمیانی سُریں سیاہ پردوں سے بجائی جا سکیں۔

سیاہ پردے   نی* دھا* ما   گا* رے*

سفید پردے

میجر سکیل (بلاول ٹھاٹھ)   سا نی دھا پا ما* گا رے سا

مندرجہ بالا ہارمونیم کی شکل میں پہلے سفید پردے سے کرومیٹک سکیل (کومل، تیور) لکھ دی گئی ہے۔ یاد رہے ہم ہارمونیم کے کسی بھی پردے سے کومل تیور سُر معلوم کر کے کوئی بھی ٹھاٹھ بجا سکتے ہیں۔ مندرجہ ذیل پیانو کے مختلف پردوں سے کلیان ٹھاٹھ لکھ دی گئی ہے۔ اس میں سب تیور سُر ہیں۔ اور ان کی درمیانی سُریں کومل۔

پہلے سفید پردے سے کلیان



دوسرے سفید پردے سے کلیان



پہلے سیاہ پردے سے کلیان



پانچویں پردے سے کلیان



بینجو ساز کا کی بورڈ ہارمونیم کی طرح ہوتا ہے۔ اس لئے وہ ساز اسی انداز سے بجایا جائے گا۔

اس طریقہ سے ساز کے کسی پردہ سے کومل تیور سُر معلوم کر کے کوئی نغمہ کسی بھی پردے سے بجایا جا سکتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بانسری

بانس کی پوری ہوتی ہے۔ایک طرف چھ سوُراخ ہوتے ہیں۔اِن چھ سوُراخ کے درمیانی فاصلہ کی دُوری پر پھونک مارنے کیلئے ایک مزید سوُراخ ہوتا ہے۔

۰ ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶   تیز آواز



بلاول ٹھاٹھ   سا رے گا ما* پا دھا نی   ہلکی آواز

اگر سب سوُراخ بند کر کے بانسری سے آواز پیدا کی جائے۔اور نچلی طرف سے سوُراخ ترتیب وار کھولے جائیں۔ تو آواز ابتدائی آواز کی نسبت اُونچی اور پتلی ہوتی جاتی ہے اور سُر بدلتے جاتے ہیں۔چھ سوُراخ ترتیب وار کھولنے سے سات سُروں کی ایک سپتک پیدا ہوتی ہے۔

بانسری میں آواز دو طرح سے پیدا کی جاتی ہے۔ ہلکی اور تیز پھونک سے۔ ہلکی پھونک سے آواز پیدا کریں اور چھ سوُراخ ترتیب وار پُورے کھولیں تو ایک سپتک پیدا ہوتی ہے۔اگر سوُراخ بند کر پھونک تیز کر دیں تو پہلے کی طرح ترتیب وار اُنگلیاں اُٹھانے سے ایک مزید سپتک پیدا ہوتی ہے۔

اگر بانسری کی ابتدائی سُر (تمام سوُراخ بند کرنے سے جو آواز پیدا ہوتی ہے۔) کو کھرج مان کر آواز پیدا کریں اور بالترتیب سوُراخ کھولیں تو اِس طرح سے پیدا ہونے والی سپتک بلاول ہو گی۔بلاول ٹھاٹھ کی درمیانی سُروں کیلئے سوُراخ نصف کھولے جاتے ہیں۔اِس طرح سے کرومیٹک سکیل مندرجہ ذیل طور سے بجائی جائے گی۔

سا رے* رے گا* گا ما* ما پا دھا* دھا نی* نی سا

۰ *۱ ۱ *۲ ۲ ۳ *۴ ۴ *۵ ۵ *۶ ۶ ۰

سوُراخ نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶ نمبر سوُراخ پُورا کھولنا ظاہر کرتے ہیں۔ اور *۱، *۲، *۴، *۵، *۶ نمبر کسی سوُراخ کا نصف کھولنا ظاہر کرتے ہیں۔ یعنی اِن نمبر کے اُوپر لکھی سُر جانے کیلئے سوُراخ نصف کھولنا پڑے گا۔ مثال کے طور پر اگر تمام سوُراخ بند کر کے آواز پیدا کریں تو وُہ کھرج کا سُر ہو گا۔اگر پہلا سوُراخ نصف کھولیں تو کومل رکھب پیدا ہو گی۔اگر پہلا سوُراخ پُورا کھول کر آواز پیدا کریں گے۔ تو تیور رکھب پیدا ہو گی علیٰ الہذا القیاس۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اس بارے میں ایک بات یاد رکھیں۔ تیسرا سوراخ کبھی بھی نصف نہیں کھولا جاتا۔ عام طور سے چھوٹا رکھا جاتا ہے

	ہلکی پھونک							تیز پھونک					
سوراخ نمبر	۰	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۱	۲	۳	۴	۵	۶
بلاول ٹھاٹھ	سا	رے	گا	ما*	پا	دھا	نی	سا	رے	گا	ما	پا	دھا
کافی ٹھاٹھ۔	نی*	سا	رے	گا*	ما*	پا	دھا	نی*	سا	رے	گا	ما	پا
بھیروی ٹھاٹھ	دھا*	نی*	سا	رے*	گا*	ما*	پا	دھا*	نی*	سا	رے*	گا	ما
کلیان ٹھاٹھ	پا	دھا	نی	سا	رے	گا	ما	پا	دھا	نی	سا	رے	گا
کھماج ٹھاٹھ	ما*	پا	دھا	نی	سا	رے	گا	ما*	پا	دھا	نی*	سا	رے
آساوری ٹھاٹھ	گا*	ما*	پا	دھا	نی	سا	رے	گا*	ما*	پا	دھا*	نی*	سا

مندرجہ بالا ٹھاٹھوں کی درمیانی سروں کیلئے نصف سوراخ کھولنے پڑیں گے۔ مثلاً پہلے تین سوراخ کھلے چھوڑ کر اس سُر سے جو ٹھاٹھ پیدا ہوتا ہے وہ کلیان ٹھاٹھ ہے۔ اب اگر اسی سُر سے کافی ٹھاٹھ بجانا چاہیں تو دوسرا، پانچواں اور چھٹا سوراخ نصف کھولنا پڑے گا۔ اسی طور سے بانسری کے ہر سوراخ سے ہر ایک ٹھاٹھ بجایا جا سکتا ہے۔

ستار

ستار میں عام طور سے سات تار ہوتے ہیں۔

(۱)۔ باج کا تار | یہ لوہے کا تار ہوتا ہے۔ اور مندر سپتک کے کومل سے ملایا جاتا ہے۔ چونکہ سُر اسی تار کو ضرب دے کر بجائے جاتے ہیں۔ اس لئے اسے باج کا تار کہتے ہیں۔

(۲)۔ پیتل کی جوڑی کے تار | یہ دونوں تار پیتل کے ہوتے ہیں۔ اور مندر سپتک کے کھرج سے ملائے جاتے ہیں۔

(۳)۔ پنچم کا تار | لوہے کا تار ہوتا ہے اور مندر پنچم سُر سے ملایا جاتا ہے۔

(۴)۔ چکاری کے تار | لوہے کے تار ہوتے ہیں۔ ایک مدھ کھرج سے اور دوسرا تار کھرج سے ملایا جاتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ستار میں سُروں کے تعین کے لئے سُندریاں (لوہے کی قوس نما کڑیاں) استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ تعداد میں اُنیس ۱۹ ہوتی ہیں۔ جن میں سے چار سُندریاں آگے پیچھے متحرک ہو سکتی ہیں۔ باقی اپنی جگہ پر قائم ہوتی ہیں۔

اِن تاروں کے علاوہ تیرہ مزید تاریں ہوتی ہیں۔ جو طربیں کہلاتی ہیں۔ یہ گائے جانے والے راگ کے ٹھاٹھ پر سُر کی جاتی ہیں۔ ستار مضراب ، بائیں ہاتھ کی اُنگلی میں پہن کر بجائی جاتی ہے۔ جب مضراب تار سے ضرب دے کر اندر ہتھیلی کی طرف لائی جاتی ہے۔ تو اس حالت کو <u>دا</u> کہتے ہیں۔ اور جب مضراب کو اُلٹی سمت ضرب دے کر اپنی پہلی حالت میں لاتے ہیں۔ تو یہ عمل <u>را</u> کہلاتا ہے۔ اور جب یہ دونوں عمل ایک ماترے میں یکے بعد دیگرے عمل پذیر ہوں تو اِس کو <u>در یا دارا</u> کہتے ہیں۔

سُندری نمبر	۷	۸	ـ	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	ـ	۱۵	۱۶	۱۷
	سا	رے*	رے	گا*	گا	ما*	ما	پا	دھا*	دھا	نی*	نی	سا

مندرجہ ذیل نقشہ میں دس ٹھاٹھوں کیلئے استعمال ہونے والی سُندریاں لکھ دی گئی ہیں۔ چونکہ ہماری موسیقی میں کسی سُر کا ایک ہی رُوپ برتا جاتا ہے۔ اس لئے کوئی ٹھاٹھ بجاتے ہوئے اکثر ایک سُندری چھوڑنی پڑے گی۔ اگر متحرک سُندری کسی سُر کے ایک رُوپ کیلئے متعین کر دی گئی ہو تو اُس سُر کا دوسرا رُوپ بجانے کے لئے باج کا تار کھینچ کر سُر مینڈھ سے ادا کیا جاتا ہے۔

ٹھاٹھ			ایمن	بلاول	کھماج	کافی	آساوری	بھیروی	توڑی	پوربی	بھیروں	ماروا
			|	|	|	|	|	|	|	|	|	|
سُندری نمبر	۷		سا	سا	سا	سا	سا	سا	سا	سا	سا	سا
،،	۸	رے*	ـ	ـ	ـ	ـ	ـ	رے*	رے*	رے*	رے*	رے*
،،	ـ	رے	رے	رے	رے	رے	رے	ـ	ـ	ـ	ـ	ـ
،،	۹	گا*	ـ	ـ	ـ	گا*	گا*	گا*	گا*	ـ	ـ	ـ
،،	۱۰	گا	گا	گا	گا	ـ	ـ	ـ	ـ	گا	گا	گا
،،	۱۱	ما*	ـ	ما*	ما*	ما*	ما*	ما*	ـ	ـ	ما*	ـ
،،	۱۲	ما	ما	ـ	ـ	ـ	ـ	ـ	ما	ما	ـ	ما

ٹھاٹھ			ایمن	بلاول	کھماج	کافی	آساوری	بھیروی	توڑی	پوربی	بھیروں	ماروا
,,	۱۳	پا	پا	پا	پا	پا	پا	پا	پا	پا	پا	پا
,,	۱۴	وھا*	ـ	ـ	ـ	ـ	وھا*	وھا*	وھا*	وھا*	وھا*	ـ
,,	ـ	وھا	وھا	وھا	وھا	وھا	ـ	ـ	ـ	ـ	ـ	وھا
,,	۱۵	نی*	ـ	ـ	نی*	نی*	نی*	نی*	ـ	ـ	ـ	ـ
,,	۱۶	نی	نی	نی	ـ	ـ	ـ	ـ	نی	نی	نی	نی
,,	۱۷	سا	سا	سا	سا	سا	سا	سا	سا	سا	سا	سا

گیٹار

گیٹار ایک مغربی ساز ہے۔ اور سُروں کے مغربی ناموں سے ہی سیکھا بجایا جاتا ہے۔ اس میں چھ تار ہوتی ہیں۔ جنھیں بالترتیب موٹی سے پتلی تار تک ای (E)، اے (A)، ڈی (D)، جی (G)، بی (B) اور ای (E) کہتے ہیں۔ اُردو سُروں کے لحاظ سے یہ بالترتیب گا، دھا، رے، پا، نی اور گا سُر ہوں گی۔ فنگر بورڈ کی مندرجہ ذیل شکل میں میجر سکیل (بلاول ٹھاٹھ) دی گئی ہے۔ گیٹار کی گردن پر ستار کی مانند سُروں کا تعین کر دیا جاتا ہے جنھیں فریٹ Fret کہتے ہیں۔ یہاں پر بھی سیمی ٹون چھوڑنے کے لئے ایک فریٹ چھوڑنی پڑتی ہے۔ جس طرح پیانو پر پہلے سفید پردے سے میجر سکیل بجاتے ہوئے سیاہ پردہ چھوڑ دیا جاتا ہے۔ یہ ردھم گیٹار کہلاتی ہے۔ اور کورڈز کی مدد سے ہم آہنگ سنگت Rhythmic Accompaniment کی جاتی ہے۔

بلاول ٹھاٹھ Major Scale



www.iqbalkalmati.blogspot.com

وائلن

ایک مقبول ساز ہے اور جدید آرکیسٹرا کا ایک لازمی جزو ہے۔

پا	رے	دھا	گا	
G	D	A	E	بغیر انگلی رکھے۔
Ab	Eb	Bb	F	پہلی انگلی رکھنے سے
A	E	B	Gb	،، ،، ،،
Bb	F	C	G	دوسری انگلی رکھنے سے
B	Gb	Db	Ab	،، ،، ،،
C	G	D	A	تیسری انگلی رکھنے سے
Db	Ab	Eb	Bb	،، ،، ،،
١	٢	٣	٤	

یہ مغربی ساز ہے۔اس کے فنگر بورڈ Finger Board کی شکل سامنے کی تصویر سے واضح ہے۔ اس میں چار تاریں ہوتی ہیں۔سب سے موٹی تار G کہلاتی ہے۔اس سے پتلی تار D، تیسری تار A اور چوتھی تار E کہلاتی ہے۔اور انہیں سُروں پر یہ تاریں سُر کی جاتی ہیں۔

ہماری موسیقی میں یہ چار تاریں بالترتیب پا، رے، دھا اور گا ہیں۔ ہمارے ہاں پہلی تار مندر سپتک کے کومل مدھم (ما*)، دوسری تار مدھ کھرج (سا)، تیسری تار پنچم (پا) اور چوتھی تار، تار سپتک کے رکھب پر سُر کی جاتی ہے۔اس طرح ان تاروں پر مندرجہ ذیل سُریں ادا ہو سکتی ہیں۔

بلاول ٹھاٹھ ما پا دھا نی سا رے گا ما* پا دھا نی سا̄ رے̄ گا̄ ما̄ پا̄

پہلی تار — دوسری تار — تیسری تار — چوتھی تار

چونکہ یہ ساز مغربی موسیقی کے انداز میں ہی سکھایا جاتا ہے۔اسلئے مغربی موسیقی کی سُر نویسی (سٹاف نوٹیشن) کا جاننا نہایت ضروری ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نغماتی نقوش (Musical Designs)

جس طرح حروف سے الفاظ، الفاظ سے فقرے اور پیر اگراف بنتے ہیں۔ اسی طرح سُروں سے نغماتی نقش، نغماتی نقوش سے ایک نغماتی جملہ (Musical Phrase)، نغماتی جملوں سے ایک نغمہ ترکیب پاتا ہے۔ یہی اصول اس عملی کتاب کی اساس ہے۔ چونکہ ایک نغمہ، نغماتی نقوش کی آمیزش سے بنتا ہے۔ اسلئے امید ہے کہ ان اسباق کی مشق کے بعد ایک مبتدی، موسیقی آسانی سے لکھ پڑھ سکے گا۔

اگر چند سُروں کو لے کا پابند کر دیا جائے تو ایک نغماتی نقش پیدا ہوتا ہے۔ فرض کیا تین ماترے ہیں اور تین ابتدائی سریں، سا، رے، گا۔ ان تین سُروں کو الٹ پلٹ کر مندرجہ ذیل نغماتی نقوش بنائے جا سکتے ہیں۔

(۱)	سا - -	رے - -	گا - -	تین ماتروں میں ایک سُر
(۲)	سا - رے	رے - سا	گا - سا	تین ماتروں میں دو سُریں
	سا - گا	رے - گا	گا - رے	
	سا رے -	رے سا -	گا سا -	
(۳)	سا گا -	رے گا -	گا رے -	
	سا رے گا	رے سا گا	گا سا رے	تین ماتروں میں تین سُریں
(۴)	سا گا رے	رے گا سا	گا رے سا	

اگر ہم نغماتی نقوش کو کلیات کی صورت میں یکجا کریں تو ہم دیکھیں گے کہ یہ نغماتی نقوش مندرجہ ذیل کلیات میں سموئے جا سکتے ہیں۔ **سا** سے مراد ہے کوئی ایک سُر۔ اگر ہم کلیات میں سا کی بجائے کوئی ایک سُر لکھ دیں تو ایک نیا نغماتی نقش بن جائے گا۔



(1)	(۱)	سا - -
(2)	(۲)	سا - سا
(3)	(۳)	سا سا -
(4)	(۴)	سا سا سا

مثال دیکھیں۔

[ما*] | سا - پا | دھا ما - | پا دھا پا | سا - - | نی دھا پا | دھا - | پا ما گا | پا - - |

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چار ماتروں میں چار سُروں سے مندرجہ ذیل نغماتی نقوش اخذ کئے جاسکتے ہیں۔ سٹاف نوٹیشن دائیں طرف سے پڑھیں



اِن نغماتی کُلیات کی مثالیں دیکھیں اور خود بھی نغماتی نقوش ترتیب دینے کی کوشش کریں۔

| پا ۔ ۔ ۔ | گا ۔ ۔ ۔ | دھا ۔ ۔ ۔ | سا ۔ ۔۔ |

| پارے۔۔ | گا پا ۔ ۔ | دھا پا ۔۔ | سا گا ۔ ۔ |

| پا۔رے۔۔ | گا ۔ پا ۔ | دھا ۔پا ۔ | سا ۔ گا ۔ |

| پارے گا۔ | گا پا ما ۔ | دھاپادھا۔ | سا گا رے۔ |

| سارے۔گا | پا ما ۔ گا | ما پا ۔دھا | سا نی۔دھا |

| پا۔رے گا | دھا ۔گا ما | پا۔دھانی | سا۔رے سا |

| گارے سارے | گاماپادھا | پاسادھا ما | گا سا گا پا |

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مشق نمبر ۱

سا ۔ ۔   سا ۔ سا   سا سا سا سا

تال ۔ دادرا ۔

[ما*] | سا ۔ ۔ | رے ۔ ۔ | گا ۔ ۔ | ما ۔ ۔ | پا ۔ ۔ | دھا ۔ ۔ | نی ۔ ۔ | سا ۔ ۔ |

| سا ۔ ۔ | نی ۔ ۔ | دھا ۔ ۔ | پا ۔ ۔ | ما ۔ ۔ | گا ۔ ۔ | رے ۔ ۔ | سا ۔ ۔ |

[ما*] | سا ۔ گا | رے ۔ ما | گا ۔ پا | ما ۔ دھا | پا ۔ نی | دھا ۔ سا | سا ۔ دھا | نی ۔ پا |

| دھا ۔ ما | پا ۔ گا | ما ۔ رے | گا ۔ سا |



[ما*] | سا گا ۔ | رے ما ۔ | گا پا ۔ | ما دھا ۔ | پا نی ۔ | دھا سا ۔ | سا دھا ۔ | نی پا ۔ |

| دھا ما ۔ | پا گا ۔ | ما رے ۔ | گا سا ۔ |



www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(۴) [ما*] | سارے گا | رے گا ما | گا ما پا | ما پا دھا | پا دھا نی | دھانی سا | سا نی دھا | نی دھا پا |

| دھا پا ما | پا ما گا | ما گا رے | گا رے سا |



(۵) [ما*] | سارے سا | گا ـ ـ | رے گا رے | ما ـ ـ | گا ما گا | پا ـ ـ | ما پا ما | دھا ـ ـ |

| پا دھا پا | نی ـ ـ | دھانی دھا | سا ـ ـ | سا نی سا | دھا ـ ـ | نی دھانی | پا ـ ـ |

| دھا پا دھا | ما ـ ـ | پا ما پا | گا ـ ـ | ما گا ما | رے ـ ـ | گا رے گا | سا ـ ـ |



(۶) [ما*] | سا ـ ـ | پا ـ ـ | ما گا ما | گا رے گا | پا ـ ـ | سا ـ ـ | نی دھانی | دھا پا دھا |

| سا نی ـ | دھا پا دھا | نی دھا ـ | پا ما پا | ما ـ ـ | ـ ـ ـ | پا ـ ـ | دھا ـ ـ |

| نی ـ ـ | ـ ـ ـ | سا نی دھا | پا ما گا | پا ما ـ | رے گا ـ | سا رے ـ | نی سا ـ |



مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مشق نمبر ۲

تال دادرا میں مندرجہ ذیل نغماتی جملے بجائیے اور سٹاف نوٹیشن میں لکھئے۔

(۱) [ما*] | سا ـ نی | سا ـ رے | گا ـ ما | گا ـ ـ | پا ـ ما | گا ـ ما | رے ـ ما | گا ـ ـ |

| پا ـ ما | دھا ـ پا | نی ـ دھا | پا ـ ما | گا ـ ما | رے ـ گا | سا ـ رے | سا ـ ـ |

(۲) [ما*] | گا ـ رے | گا ـ سا | رے ـ سا | رے ـ ـ | گا ـ رے | پا ـ ما | گا ـ ما | گا ـ ـ |

| پا ـ ما | دھا ـ پا | ما پا ما | گا رے گا | سا ـ رے | گا ما پا | سا نی رے | سا ـ ـ |

(۳) [ما*] | گا گا ـ | رے سا ـ | رے رے ما | گا ـ ـ | پا پا ـ | ما گا ـ | پا ما دھا | پا ـ ـ |

| سا سا ـ | نی دھا ـ | پا دھا پا | ما گا ما | رے رے ـ | گا ما ـ | گا رے گا | سا ـ ـ |

(۴) [ما*] | گا + + | گا + + | ما گا ما | دھا پا ـ | رے + + | رے + + | گا رے گا | پا ما ـ |

| دھا + + | پا + + | ما گا ما | رے ـ ـ | پا + + | ما + + | گا رے گا | سا ـ ـ |

(۵) [ما*] | گا ـ ـ | پا ـ ـ | سا رے سا | گا ـ ـ | دھا ـ ـ | ما ـ ـ | گا رے گا | سا ـ ـ |

| نی ـ ـ | پا ـ ـ | ما پا دھا | دھا ـ ـ | نی ـ ـ | گا ـ ـ | ما رے رے* | سا ـ ـ |

(۶) [ما*] | دھا ـ ـ | پا ـ ـ | رے ـ ـ | سا ـ ـ | سا رے نی | سا ـ ـ | گا ـ ـ | ما ـ ـ |

| پا ـ ـ | سا ـ ـ | پا دھا نی | گا ما پا | نی ـ سا | پا ـ دھا | گا ما دھا | پا ـ ـ |

(۷) [ما*] | رے ـ گا | سا نی سا | رے ـ ـ | پا ـ ـ | رے گا ما | گا ـ ـ | نی سا گا | رے ـ ـ |

| نی ـ پا | سا ـ نی | رے ـ سا | نی ـ ـ | پا دھا نی | گا ما پا | نی سا گا | رے ـ ـ |

(۸) [ما*] | گا ـ ما | دھا ـ ـ | نی دھا نی | دھا پا دھا | گا ـ پا | سا ـ ـ | رے سا رے | سا نی سا |

| دھا ـ سا | ما ـ ـ | گا رے ما | گا ـ ـ | ما ـ رے | سا ـ دھا | ما پا ما | گا ـ ـ |

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سا۔۔۔ | سا۔سا۔ | ساساساسا

مشق نمبر ۳

(۱) تال۔ کہروا

[ما*] |سا۔۔۔ | رے۔۔۔ | گا۔۔۔ | ما۔۔۔ | پا۔۔۔ | دھا۔۔۔ | نی۔۔۔ | سا۔۔۔ |

|سا۔۔۔ | نی۔۔۔ | دھا۔۔۔ | پا۔۔۔ | ما۔۔۔ | گا۔۔۔ | رے۔۔۔ | سا۔۔۔ |



(۲) تال۔ کہروا

[ما*] |سا۔رے۔ | گا۔ ما۔ | پا۔ دھا۔ | نی ۔ سا۔ | سا ۔نی۔ | دھا۔ پا۔ | ما۔ گا۔ | رے۔سا۔|

|سارے گاما | پادھانی سا | سا نی دھاپا | ماگارے سا | سارے گاما | پادھانی سا | سا نی دھاپا | ماگارے سا |



(۳) تال۔ کہروا

[ما*] |سا ۔گا ۔| رے۔ما۔ | گا ۔ پا۔ | ما۔دھا۔ | پا ۔نی ۔ | دھا۔ سا۔ | سا ۔دھا۔ | نی ۔ پا ۔|

|دھا۔ما۔ | پا۔ گا۔ | ما ۔رے۔ | گا۔ سا۔ | نی سادھانی | پادھاماپا | گامارے گا | سارے نی سا |



(۴) تال۔ کہروا [ما*] | سا ۔ما ۔ | رے ۔پا۔ | گا۔دھا۔ | ما ۔نی ۔ | پا ۔سا ۔ | سا ۔پا۔ | نی ۔ ما۔ | دھا۔گا۔ |

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| پا ـ رے ـ | ما ـ سا ـ |.

(۵) تال ـ کہروا ـ [ما*]

| سارے گاما | رے گاماپا | گاماپادھا | ماپادھانی | پادھانی سا |

| سا نی دھاپا | نی دھا پاما | دھاپاماگا | پاماگارے | ماگارے سا |



(۶) تال ـ کہروا [ما*]

| سارے گاما | پاما گارے | گا ما پا دھا | نی دھاپا ما | پادھانی سا | رے سا نی دھا | نی سارے گا | ماگارے سا |

| ماگارے سا | نی سارے گا | رے سانی دھا | پا دھانی سا | نی دھا پا ما | گا ما پادھا | پا ما گارے | ماگارے سا |.



(۷) تال ـ کہروا [ما*]

| سا ـ گا ـ | پا ـ ـ ـ | دھا پاگا دھا | پا ـ ـ ـ | رے ـ ما ـ | دھا ـ ـ ـ | نی دھاپادھا | سا ـ ـ ـ |

| سا ـ پا | گا ـ ـ ـ | نی ـ پا ـ | رے ـ ـ ـ | دھا ـ رے ـ | ما ـ ـ ـ | پا ـ گا ـ | سا ـ ـ ـ |



مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مشق نمبر ۴

مندرجہ ذیل نغمات پڑھیے اور سٹاف نوٹیشن میں لکھیے۔

(۱) تال۔ کہروا

[ما*] | سا ـ سا ـ | گا ـ گا ـ | پا ـ پا ـ | رے ـ ـ ـ | نی ـ نی ـ | رے ـ رے ـ | گا ـ گا ـ | سا ـ ـ ـ |

| گا ـ گا ـ | پا ـ پا ـ | دھا ـ دھا ـ | پا ـ ـ ـ | ما ـ ما ـ | گا ـ گا ـ | رے ـ رے ـ | سا ـ ـ ـ |

(۲) تال۔ کہروا

[ما*] | سا ـ سا ـ | پا ـ پا ـ | دھا ـ دھا ـ | پا ـ ـ ـ | ما ـ گا ـ | رے ـ ما ـ | گا ـ گا ـ | گا ـ ـ ـ |

| سا ـ سا ـ | گا ـ گا ـ | رے ـ ما ـ | گا ـ ـ ـ | پا ـ ما ـ | گا ـ رے ـ | گا ـ رے ـ | سا ـ ـ ـ |

(۳) تال۔ کہروا

[ما*] | سا ـ نی ـ | سا ـ رے ـ | سا رے گا ما | گا ـ ـ ـ | پا ـ ما ـ | گا ـ ما ـ | گا ما پا دھا | پا ـ ـ ـ |

| سا ـ نی ـ | سا ـ ـ ـ | پا دھا ما پا | گا ـ ـ ـ | دھا ـ پا ـ | دھا ـ ـ ـ | گا ما رے گا | سا ـ ـ ـ |

(۴) تال۔ کہروا

[ما*] | سا رے گا ما | گا ـ ـ ـ | ما گا رے سا | رے ـ ـ ـ | گا ما پا دھا | پا ـ ـ ـ | دھا پا ما گا | ما ـ ـ ـ |

| پا دھا نی سا | نی ـ ـ ـ | گا ما پا دھا | پا ـ ـ ـ | سا رے گا ما | گا ـ ـ ـ | دھا نی سا رے | سا ـ ـ ـ |

(۵) تال۔ کہروا

[ما*] | گا ـ رے ـ | سا ـ گا رے | سا ـ رے ـ | پا ـ ـ ـ | پا ـ ما ـ | گا ـ پا ما | گا ـ ما ـ | دھا ـ ـ ـ |

| سا ـ نی ـ | دھا ـ سا نی | دھا نی دھا ما | دھا ـ ـ ـ | پا دھا پا ـ | گا ما گا ـ | رے گا رے ـ | سا نی سا ـ |

(۶) تال۔ کہروا

[ما*] | نی ـ رے ـ | نی ـ رے ـ | گا سا رے گا | ما ـ ـ ـ | رے ـ ما ـ | رے ـ ما ـ | پا ما پا دھا | پا ـ ـ ـ |

| ما ـ پا ـ | نی ـ سا ـ | نی سا رے سا | رے ـ ـ ـ | نی ـ سا ـ | پا ـ نی ـ | ما پا ما رے | ما رے سا ـ |

(۷) تال۔ کہروا

[ما*] | گا ـ رے ـ | سا ـ نی ـ | پا ـ ما پا | رے گا ما ـ | نی ـ پا ـ | نی سا رے ـ | نی سا رے نی | سا رے نی ـ |

| رے ـ سا ـ | نی ـ سا ـ | پا ـ ما ـ | گا ـ رے ـ | گا رے سا نی | پا ما گا ما | پا ـ ما ـ | گا ـ رے ـ |

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سا۔ سا سا   سا سا۔ سا   سا سا سا۔

مشق نمبر ۵

(۱) تال۔ کہروا

[ما*] | سا۔رے گا | رے۔گا ما | گا۔ما پا | ما۔پا دھا | پا۔دھا نی | دھا۔نی سا̄ | سا̄۔نی دھا | نی۔دھا پا |

| دھا۔پا ما | پا۔ما گا | ما۔گا رے | گا۔رے سا |



(۲) تال۔ کہروا

[ما*] | سارے۔گا | رے گا۔ما | گا ما۔پا | ما پا۔دھا | پا دھا۔نی | دھا نی۔سا̄ | سا̄ نی۔دھا | نی دھا۔پا |

| دھا پا۔ما | پا ما۔گا | ما گا۔رے | گا رے۔سا |



(۳) تال۔ کہروا

[ما*] | سارے گا۔ | رے گا ما۔ | گا ما پا۔ | ما پا دھا۔ | پا دھا نی۔ | دھا نی سا̄۔ | سا̄ نی دھا۔ | نی دھا پا۔ |





| دھا پا ما۔ | پا ما گا۔ | ما گا رے۔ | گا رے سا۔ |

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مشق نمبر ۶

مندرجہ ذیل نغمات پڑھیے اور سٹاف نوٹیشن میں لکھیے۔

(۱) تال۔ کہروا۔ (ٹھاٹھ بلاول)

[ما*] | سارے گا۔ | سارے گا۔ | سارے گارے | سارے نی۔ | دھانی سا۔ | دھانی سارے | سانی سا۔ |

| گا ما پا۔ | گا ما پا۔ | گاما پادھا | پا ما گا۔ | رے گا ما۔ | رے گا ما۔ | رے گا ماگا | رے گاسا۔ |

(۲) تال۔ کہروا۔ (ٹھاٹھ بلاول)

[ما*] | سا۔نی سا | رے۔گا ما | گا۔رے۔ | گا۔۔۔ | پا۔ ما گا | ما۔ گارے | ما ۔گا۔ | رے۔۔۔ |

| پا۔ ما دھا | پا۔نی دھا | پا ۔ ماگا | پا۔۔۔ | گا ۔مارے | گا۔ پا ما | گا۔ مارے | سا ۔۔۔ |

(۳) تال۔ کہروا۔ (ٹھاٹھ بلاول)

[ما*] | سا ۔گا۔ | دھا۔ پادھا | گا ۔دھاپا | دھا۔۔ | رے ۔پا۔ | نی۔دھانی | پا ۔نی دھا | نی۔۔۔ |

| پا۔سا ۔ | نی دھا پا۔ | گا ۔دھا۔ | پاما گا۔ | رے۔ ما۔ | گارے سا۔ | گا۔ پا۔ | سا ۔۔۔ |

(۴) تال۔ کہروا (ٹھاٹھ بلاول)

[ما*] | گا ۔گاگا | رے گا۔گا | رے گارے سا | رے۔۔۔ | ما۔ما ما | گا ۔ گاگا | رے ساگارے | سا۔۔۔ |

| پا۔پا پا | دھاسا ۔سا | دھاساودھاپا | ما۔۔۔ | رے ۔رے۔رے | گاپا۔ما | گارے گارے | سا۔۔۔ |

(۵) تال۔ کہروا (آنندی)

[ما*] | دھا۔دھادھا | پا۔ پا پا | رے۔رے۔رے | سا۔۔۔ | گا۔گا گا | ما۔ما ما | دھا۔دھادھا | پا۔۔۔ |

| سا۔ نی سا | گا۔ ما ۔ | پاگا مارے | گا ۔۔۔ | پا۔دھانی | گا ۔ ما پا | سا ۔ دھا۔ | پا۔۔۔ |

(۶) تال۔ کہروا (گوڑسارنگ)

[ما*] | پا ۔سا۔ | رے۔سا۔ | گارے۔ما | گا۔۔۔ | گا۔ پا ۔ | دھا۔ پا۔ | نی دھا۔سا | نی۔۔۔ |

| گا ما پا۔ | دھاسا پا۔ | نی دھاسانی | سارے۔سا۔ | پا۔گارے | ما۔گا۔ | پا۔رے۔ | سا۔۔ ۔ |

(۷) تال۔ کہروا (راگ دُرگا)

[ما*] | پا۔ پا ما | دھا۔دھا۔ | ما پادھاپا | مارے سارے | دھا۔سا۔ | رے ۔سا۔ | رے مارے سا | رے۔سا۔ |

| پا۔ پا۔ | دھاسا۔سا | دھا۔سا۔ | رے ۔سا۔ | رے۔ما۔رے | سارے ۔سا | رے ساودھا پا | مارے سارے |

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

مشق نمبر ۷

مندرجہ ذیل مشق نئے سیکھنے والوں کے لئے ہے۔ گروپ کی صورت میں مشق کروائی جائے۔ اگر مشق کیلئے الیکٹرانک کی بورڈ استعمال کیا جارہا ہے تو کہروا تال (4/4) میں Tempo 90 میں ردھم لیں۔ خیال رکھیں نشان (+) ایک ماترہ خاموشی ظاہر کرتا ہے۔ اِس طرح سے کچھ آوردو میں خاموشی رہے گی۔ اِس کا فائدہ یہ ہے کہ چونکہ نوآموز کو سروں کے بول یاد نہیں رہتے۔ اِس خاموشی کے دوران وہ اگلی سرگم کہنے کیلئے تیار ہونگے۔ دوسرے انہیں لے تال میں ادائیگی کی مشق بھی ہوجائیگی۔

دھاگے نا تی	نا کے دھن	دھاگے نا تی	نا کے دھن
سا سا سا ـ	+ + + +	رے رے رے ـ	+ + + +
گا گا گا ـ	+ + + +	ما* ما* ما* ـ	+ + + +
پا پا پا ـ	+ + + +	پا ما* ـ گا	رے گا ما* ـ
ما* ما* ما* ـ	+ + + +	ما* گا ـ رے	سا رے گا ـ
گا گا گا ـ	+ + + +	گا رے ـ سا	گا رے سا ـ
گا سا گا ـ	+ + + +	گا پا گا ـ	+ + + +
ما* رے ما* ـ	+ + + +	ما* دھا پا ـ	+ + + +
پا پا پا ـ	دھا دھا دھا ـ	نی نی نی ـ	سا سا سا ـ
دھا نی سا ـ	نی دھا پا ـ	ما* پا دھا ـ	پا ما* رے ـ
سا رے ما* ـ	گا رے سا ـ	پا ـ نی ـ	رے ـ ـ ـ
پا ـ سا ـ	گا ـ ـ ـ	دھا ـ سا ـ	ما* ـ ـ ـ
نی ـ رے ـ	پا ـ ـ ـ	سا ـ ما* ـ	دھا ـ ـ ـ
رے ـ پا ـ	نی ـ ـ ـ	گا ـ پا ـ	سا ـ ـ ـ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

سا سا ـ

سا ـ سا

مشق نمبر ۸

تالؔ ـ کہروا

[ما*] | سا ـ ـ نی | سا ـ ـ رے | گا ـ ـ ما | گا ـ ـ ـ | پا ـ ـ ما | گا ـ ـ ما | رے ـ ـ ما | گا ـ ـ ـ |

| پا ـ ـ ما | دھا ـ ـ پا | نی ـ ـ دھا | پا ـ ـ ما | گا ـ ـ ما | رے ـ ـ گا | سا ـ ـ رے | سا ـ ـ ـ |

تالؔ ـ کہروا

[ما*] | گا ـ سا ـ | گا سا + + | پا ـ گا ـ | پا ـ ـ ـ | دھا ـ پا ـ | دھاپا + + | گا ـ ما ـ | دھا ـ ـ ـ |

| سا ـ ـ نی | دھا ـ پا ـ | نی ـ ـ دھا | پا ـ ما ـ | پا ـ ـ ما | گا ـ رے ـ | پا ـ ـ ما | گا رے سا ـ |

تالؔ ـ کہروا

[ما*] | سا ـ ـ سا | رے ـ گا ـ | رے ـ ـ سا | رے ـ گا ـ | سا ـ ـ رے | گا ـ پا ـ | دھا ـ ـ ـ | ـ ـ ـ ـ |

| سا ـ ـ دھا | پا ـ گا ـ | رے ـ ـ سا | رے ـ گا ـ | رے ـ ـ سا | دھا ـ پا ـ | سا ـ ـ ـ | ـ ـ ـ ـ |



مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

+ سا سا سا

++ سا سا

مشق نمبر ۹

تال۔ کہروا

[ما*] | ساـــ | ـــرے گا | ما ــ ــ | ــ گا رے | نیـــ | ـــرے گا | سا ــــ | ـــــ |

| گا ـــ ـــ | ــ ما پا | دھا ـــ | ـــ پا ما | رے ــــ | ـــ گا ما | پا ـــ | ـــــ |

تال۔ کہروا



[ما*] | پا ـــ | ـ نی دھا نی | پا ـــ | ـ نی دھا نی | گا ـــ | ـــــ | رے ـــ | ـپا ما پا |

| رے ـــ | ـپا ما پا | نی ـــ | ـــــ | گا ـ رے | گا ما پا دھا | گا ـ رے | سا رے گا ـ |

تال۔ کہروا



[ما*] | سا ـ سا ـ | + گا رے گا | سا ـ سا ـ | + گا رے گا | سا ـ پا ـ | ـ ـ + + | ما پا ما گا | ـ ما رے گا |

| رے ـ رے ـ | + ما گا ما | رے ـ رے ـ | + ما گا ما | رے گا ـ رے | سا ـ نی سا | رے گا ـ رے | سا ـــ |

تال۔ کہروا



مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مشق نمبر ۱۰

(۱) تال۔ کہروا ۔ (ٹھاٹھ بلاول)

[ما*] | سا ـ ـ ـ | ـ ـ رے سا | نی ـ ـ | ـ ـ ـ ـ | پا ـ ما ـ | گا ـ رے ما | گا ـ ـ ـ | ـ ـ ـ ـ |

| دھا ـ ـ ـ | ـ ـ پا ما | رے ـ ـ ـ | ـ ـ ـ ـ | ما ـ گا ـ | رے ـ نی دھا | سا ـ ـ ـ | ـ ـ ـ ـ |

(۲) تال۔ کہروا۔ (راگ بلاول)

[ما*] | سا ـ گا ـ | ـ ـ رے گا | سا ـ ما ـ | گا ـ ـ ـ | نی ـ رے ـ | ـ ـ سا رے | نی ـ گا ـ | رے ـ ـ ـ |

| گا ـ دھا ـ | ـ ـ پا دھا | گا ـ دھا ـ | پا ـ ـ ـ | سا ـ ما ـ | ـ ـ رے گا | پا ـ ما ـ | گا ـ ـ ـ |

(۳) تال۔ کہروا ۔ (راگ بھوپالی)

[ـ] | پا ـ دھا ـ | ـ ـ پا دھا | رے ـ گا ـ | ـ سا رے گا | پا ـ گا ـ | رے ـ سا رے | پا گا ـ | ـ ـ ـ ـ |

| دھا ـ ـ ـ | ـ ـ سا دھا | سا دھا ـ ـ | ـ ـ ـ ـ | گا ـ ـ ـ | ـ ـ گا رے | گا پا گا رے | گا رے سا ـ |

(۴) تال۔ کہروا۔ (راگ کاموو)

[ما*] | سا ـ ـ ـ | ـ دھا پا دھا | سا ـ ـ ـ | ـ ـ ـ ـ | ما ـ ـ ـ | ـ رے سا رے | پا ـ ـ ـ | ـ ـ ـ ـ |

| سا ـ ـ ـ | +رے سا رے | دھا ـ ـ ـ | ـ سا دھا سا | دھا ـ پا ـ | گا ـ ـ ما | پا گا ما رے | سا رے سا ـ |

(۵) تال۔ کہروا ۔ (راگ دُرگا)

[ما*] | پا + پا + | + سا دھا سا | + سا دھا سا | ما ـ ما ـ | + دھا پا دھا | + دھا پا دھا | رے ـ رے ـ | + ما رے ما |

| + ما رے ما | سا ـ رے پا | ـ ـ ـ ـ | رے ـ ما دھا | ـ ـ ـ | سا ـ دھا ـ | ما ـ رے ـ | ما رے سا ـ |

(۶) تال۔ کہروا (راگ ہنڈول)

[ـ] | نی سا ـ نی | دھا ـ سا ـ | ما ـ + + | گا ـ + + | گا ما ـ گا | ما ـ دھا ـ | سا ـ + + | دھا ـ + + |

| سا ـ ـ ـ | ـ ـ نی دھا | نی ـ ـ دھا | ما ـ ـ ـ | سا ـ ـ ـ | ـ ـ ما گا | ما گا ـ ـ | ـ ـ ـ ـ |

(۷) تال۔ کہروا آنند بھیروں۔ [رے* ما* نی*]

| رے سا ـ دھا | نی ـ پا دھا | سا ـ ـ ـ | ـ ـ سا رے | گا ـ ـ ـ | ـ ـ ـ ـ | نی دھا ـ نی | پا ـ ما ـ |

| رے ـ ـ ـ | سا ـ ـ ـ | نی دھا ـ نی | پا ـ ما گا | دھا ـ ـ ـ | پا ـ ـ ـ | ما گا ـ ما | رے ـ سا ـ |

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مشق نمبر ۱۱

(۱)۔ تال۔ کہروا۔ (ٹھاٹھ بلاول)

[ما*] | پاـ ـ | ـ ماگارے | ماـ گاـ | ـ رے سانی | گاـ رےـ | ـ سانی دھا | ساـ نی ـ | پاـ نی ـ |

| سارے گاـ | پادھانیـ | سارے گا ـ | ـ ـ ـ | نی سا دھانی | پادھا ماپا | نی دھاپاما | گارے ساـ |

(۲)۔ تال۔ کہروا۔ (ٹھاٹھ بلاول)

[ما*] | ساـ گاـ | ـ ـ رے ما | گاـ ـ پا | ماپا ساـ | رے ـ ـ ـ | ـ ـ ساگا | رے ـ ـ ـ | ـ ماگا ما |

| پاـ ـ ما | گاـ رے گا | ماـ ـ گا | رےـ سارے | گاـ رے | ساـ ـ نی | ساـ ـ ـ | ـ ـ ـ |

(۳)۔ تال۔ کہروا (راگ کاموو)

[ما*] | گا ما پا گا | ـ ما رےـ | ساـ رےـ | ـ ـ ـ ـ | دھاـ پادھا | ـ دھا ما پا | رےـ پاـ | ـ ـ ـ ـ |

| سارے سا | ـ سا نی سا | دھاـ پا ـ | ـ ـ ـ ـ | دھاـ گاما | ـ دھاپاـ | گاما پاگا | مارے ساـ |

(۴)۔ تال۔ کہروا (راگ میگھ)

[ما*] | رےـ ـ ـ | ـ گا سا رے | دھاـ گاـ | ـ پا گا پا | رےـ دھاـ | ـ ـ ـ ـ |

| سارےـ گا | پادھاـ سا | دھاسارے دھا | گا ـ ـ ـ | رے سارے دھا | رےـ ـ ـ |

| دھا پا دھاگا | دھاـ ـ ـ | پا گا رے سا | رے گا رےـ |

(۵)۔ تال۔ کہروا۔ (راگ بھیم پلاسی)

[ما*] | ماـ گاـ | رےـ ـ ـ | ـ گاسارے | ساـ نیـ | دھاـ ـ ـ | ـ ـ ـ ـ | سا ـ نی ـ | دھاـ ـ ـ |

| ـ مارے ما | پاپادھاپا | پاـ ماـ | رے مارے ما | پا ـ ـ ـ | دھاسادھاسا | رےـ ـ ـ | ما گارےـ |

(۶)۔ تال۔ کہروا۔ (پہاڑی)

[ما*] | ما ما گا ما | پاسا دھا پا | ما پا دھاسا | دھاـ ـ ـ | ـ ـ ـ ـ | رےـ ساـ |

| دھادھا سارے | سا ـ ـ ـ | ماـ ـ ـ | رےـ سارے | پا دھا ـ پا | ما ـ ـ ـ |

| دھاـ ـ ـ سا | رےـ ما رے | ما ـ ـ ـ | ـ ـ ـ ـ |

(چوتھی اور پانچویں مثال کا کھرج دوسرا سفید پردہ اور چھٹی مثال کا کھرج چوتھا سفید پردہ ہے۔)

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سُر اور تال نویسی

اگر چند نغماتی نقوش کو لے کا پابند کر دیا جائے تو اس سے ایک نغمہ ترتیب پاتا ہے۔ اسی لئے سُر نویسی کیلئے سُر کے علاوہ دوسرا اہم رُکن تال ہے۔ کسی نغمے کی سُر نویسی ایسی ہونی چاہیے کہ لے کا تعین کیا جا سکے کہ آیا نغمے کی لے دھیمی ہے یا تیز، سیدھی ہے یا آڑی۔ مندرجہ ذیل سرگم دو دفعہ بجایئے۔

[ما*] | سا رے گا ما | پا دھا نی سا | مغربی موسیقی میں 4/4 تال

| سارے گاما | پادھا نی سا | سانی دھاپا | ماگا رے سا | 2/4 تال

پہلی بار ایک ماترے میں ایک سُر ہے۔ اسی سرگم کو اس طرح سے دہرایا گیا ہے کہ اسی لے میں ہر ماترے میں دو دو سُریں بجائی جا سکیں۔ آپ محسوس کریں گے کہ اس طرح سے لے (Tempo) وہی ہونے کے باوجود اس سرگم کی سُروں کی چال خود بخود تیز ہو جاتی ہے۔ مغربی موسیقی میں سُر نویسی اسی انداز میں کی جاتی ہے۔ مندرجہ ذیل چند مروّجہ تالوں کی مثالیں دی جا رہی ہیں کہ انہیں اردو سُر نویسی میں کیسے لکھا جانا چاہیے۔

کہروا۔ غزل انگ۔



| ۸ ۷ ۶ ۵ | ۴ ۳ ۲ ۱ |

مدھ لے۔ | دھا گے نا تی | نا کے دھی ن |

اس تال میں چونکہ آٹھ ماترے ہیں اور ایک آورد میں چار سُریں۔ یہ سٹاف نوٹیشن میں 4/4 تال میں لکھ سکتے ہیں۔

کہروا گیت انگ۔



تیز لے۔ | دھاگے ناتی | ناکے دھن |

تیز لے میں آٹھ ماترے سمٹ کر چار رہ جاتے ہیں۔ اسلئے یہ سٹاف نوٹیشن میں 2/4 میں لکھی جانی چاہیے۔

دادرا تال



| دھا دِھن نا | تا تِن نا |

چھ ماترے ہونے کی وجہ سے یہ سٹاف نوٹیشن میں 3/4 میں لکھی جاتی ہے۔

تین تال۔ جھپ تال۔ ان تالوں کے نغمات کو 4/4 اور 5/4 کی صورت میں لکھنا چاہیے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بلمپت تال

بلمپت تالوں (بہت دھیمی لے) میں ایک ماترہ کو (Whole Note) کی صورت میں لکھیں گے کیونکہ یہ ایک سُر چار ماتروں کے برابر ہے۔

آڑھی لے کی تالیں

ہمارے ہاں چند تالیں ایسی ہیں جن میں تیز لے سے ایک خاص قسم کی آڑ یا جھول پیدا ہو جاتی ہے۔ مثلاً چلت دادرا، چنچل، پشتو تال تنگڑہ وغیرہ۔ اس لئے ان تالوں میں ترتیب نغمات کو بھی اردو اور سٹاف نوٹیشن میں اس طرح سے لکھنا چاہیے کہ بآسانی درستگی کے ساتھ پڑھی جا سکیں۔ مندرجہ ذیل بات زیادہ واضح کرنے کیلئے ایک ماترے کیلئے تا اور نصف ماترے کیلئے ت کے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں۔

چلت دادرا

دادرا تال کو دوگنی لے میں بجانے سے یہ تال بنتی ہے جس سے یہ تال تین ماتروں میں سمٹ جاتی ہے۔ یہ مغربی موسیقی کی تال (6/8) سے مشابہ ہے۔ اور مندرجہ ذیل طریقہ سے لکھی جائے گی۔ اس تال میں مشہور لوک دھنیں لٹھے دی چادر، سی میری وار اور ہے جمالو ہیں۔ ان سے تال کا نقشہ ذہن میں لایا جا سکتا ہے۔



| تا ۔ ت ت تا ۔ | سا سا سا سا سا سا سا سا |

پشتو تال۔ تنگڑہ

یہ مغلئی تال کی ایک بگڑی قسم ہے۔ اس میں سات ماترے ہی ہوتے ہیں، لیکن دوگنی لے میں یہ ساڑھے تین ماتروں میں سمٹ کر ایک خاص انگ اختیار کر لیتی ہے۔ سٹاف نوٹیشن میں اس کو مندرجہ ذیل طریقہ سے لکھنا چاہیے۔



| تا ۔ ت | تا | تا تا |

دیپ چندی۔ چنچل تال

اس میں چودہ ماترے ہوتے ہیں۔ تیز لے میں سات ماتروں میں سمٹ تنگڑہ جیسی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ یہ دو اور دو میں لکھی جائے گی۔ مشہور بابل لوک گیت۔ " اب کے برس بھیا بھیجو بھیا کو بابل " اسی لے میں ہے۔

| ت تا ۔ تت تا | ت تا ۔ تت تا |

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

گذشتہ اسباق میں صرف ایسی سُروں کی مشق کروائی گئی جن کی ادائیگی کا وقفہ ایک یا زیادہ ماترے تھا۔ مثلاً

سا | سا ۔ | سا ۔ ۔ | سا ۔ ۔ ۔ | سا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

جس طرح کوئی سُر ایک یا زیادہ ماتروں میں کہی جا سکتی ہے۔ اسی طرح ایک ماترہ میں ایک سے زیادہ سُریں بھی گائی بجائی سکتی ہیں۔ ایسی سُروں کو کروچٹ (4rth Note) کی مناسبت سے مندرجہ ذیل صورت میں لکھا جاتا ہے۔



اِس طرح سے









www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مندرجہ بالا مثال میں ایک ہی سرگم تین مختلف لے میں لکھی گئی ہے۔ اگر ایک کروچٹ سُر کو ایک سیکنڈ وقفہ کا ماترہ مان لیں تو پہلی سرگم ۱۶ سیکنڈ، دوسری سرگم ۸ سیکنڈ اور تیسری سرگم ۴ سیکنڈ میں ادا ہوگی۔

چونکہ دوگنی لے میں ایک ماترہ میں دو سُریں گائی بجائی جاتی ہیں۔ اسلئے ان کا وقفہ ادائیگی نصف کم ہو جاتا ہے۔ جس سے سُروں کی چال تیز ہو کر لے دوگنی ہو جاتی ہے۔ دُون لے کی صورت میں تین اور چار ماتروں کے کُلیات مندرجہ ذیل صورت اختیار کرلیں گے۔ دادرا تال کو دُون کی لے میں بجایا جائے تو چلت دادرا کہلاتا ہے۔

کُلیات ۔ ڈیڑھ ماترہ



کُلیات ۔ دو ماترے



کُلیات تال چلت دادرا ۔ 6/8



مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مشق نمبر ۱۲

نغمہ تال کہروا۔ چینی لوک دُھن۔ (Garden)۔ [ما*]

| گا ـ گا پا | دھا ـ سا دھا | پا ـ ـ پا | پا ـ ـ ـ | پا ـ پا گا | پا ـ ـ ـ | سا ـ سا دھا | پا ـ ـ دھا |

| گا ـ رے ـ | پا ـ گا رے | سا ـ ـ رے | سا ـ ـ ـ | رے ـ رے گا | رے ـ ـ ـ | دھا ـ دھا سا | پا ـ ـ ـ |

| سا رے گا ـ | رے سا دھا سا | دھا ـ پا ـ | دھا سا رے ـ | سا دھا پا گا | پا ـ ـ ـ | دھا سا گا ـ | پا ـ ـ ـ |



نغمہ تال۔ دادرا۔ [ما*]

| گاما گا ـ + | گاما گا ـ ++ | گاما گا ـ رے سا | رے ـ ـ ـ | رے گا رے ـ + | رے گا رے ـ + |

| رے گا رے ـ سا نی | سا ـ ـ ـ | پا ـ ـ ـ | ما ـ ـ ـ | پا ـ ما پا دھا ـ | پا ـ ما پا دھا ـ |

| سا ـ ـ | نی ـ ـ | سا ـ نی سا رے ـ | گا ـ ـ رے سا | نی ـ ـ دھا پا |

| دھا ـ ـ پا ما | گا ـ ـ ـ | پا ـ ـ ما گا | رے ـ ـ سا نی | رے ـ گا ـ | سا ـ ـ ـ ـ |



www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تال چلت دادرا (6/8)

[گا*ما*نی*]	پا۔ پا پا پا۔	نی پا۔ نی سا۔	ما۔ ما ما ما۔	پاپا ۔ ۔ پانی	پا۔ پا پا پا۔
	نی پا ۔ ۔ نی سا	ما۔ ما ما ما۔	پاپا ۔ پا نی۔	رے۔سا۔ نی۔	پا۔ ما۔ رے۔
	سارے سارے ما۔	رے۔۔ ۔۔	نی سانی سارے۔	سا ۔۔ ۔۔	نی سارے سارے ما
	رے ماپا ماپانی	پا۔ سا۔ نی۔	پا ۔۔ رے ما۔	پا ۔۔ رے ما۔	پا۔۔ ۔۔

[ما*]	گا۔ ۔ ۔۔	۔۔ پا۔ دھا	سا ۔۔ گا ۔۔	۔۔ رے۔ سا	رے۔۔ ۔۔
	۔۔ سانی دھا پا	دھا۔ ۔۔	سا ۔۔ رے۔ گا	سا۔ گارے سا دھا	پا گارے سانی دھا
نی۔ سارے گا۔	دھا۔ نی سارے۔	پا۔ دھا نی سا۔	۔۔ گارے گارے	۔۔ گارے گارے	سارے سا ۔۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مشق نمبر ۱۳

مندرجہ ذیل تال چلت واورا میں دیئے گئے نغمات پڑھئے اور بجایئے۔

[ما*] (۱) تال چلت واورا	ساسا۔ ساسا۔ گاگا۔رے رے۔ ++ گارے سانی	سا۔رے سانی سا ++گارے سانی دھا۔نی پا۔۔	رے رے۔رے رے۔ سا۔۔ پا۔۔	رے۔گارے سارے ++گارے سانی	گاگا۔رے رے۔ سا۔رے سا۔

[گا*ما*نی*] (۲) تال چلت واورا	پا۔۔ نی ما۔ سا۔۔ پانی۔ سا۔رے۔ ما۔	پا۔۔ رے ما۔ سا۔۔ رے نی۔ سا۔رے سا۔۔	پا ۔۔ نی ما۔ سا۔۔ +++	پا۔۔ ۔۔۔ نی سا۔ پانی۔	سا۔۔رے نی۔ ما پا۔ رے ما۔

[گا*ما*نی*] (۳) تال چلت واورا رے۔۔دھا۔۔	دھانی دھا+++ رے مارے ++ ۔۔۔ ۔۔۔	دھانی دھا+++ رے مارے سانی دھا گاما دھانی سا گا	دھا سانی دھاماگا نی۔ ۔ سا۔۔ ما۔۔ ۔۔۔	رے۔۔ گا ۔۔ سا۔۔ ما ۔۔ دھا۔نی سا۔۔	رے مارے ++ ++ ++++ ما ۔۔ ۔۔۔

[ما*] (۴) سا۔ ++رے گا سارے ۔۔نی۔دھا۔	گاگا ۔رے سا۔ ما۔۔ گارے۔ ما۔ ۔ ۔ ۔۔	گاگا۔ رے سا۔ ++ پا ۔ پا۔ ۔۔ گا ۔رے۔	گاگا۔ رے۔سا رے۔گارے سا۔ نی۔۔ ۔۔۔	رے۔۔۔۔۔۔ سا۔۔ ۔۔۔ ۔۔دھا ۔ پا۔	ما۔۔ گارے۔ سا۔ ۔ ۔ ۔۔ سا ۔۔ ۔۔۔

(۵) چلت واورا۔

[گا*ما*دھا*نی*] رے۔۔ ۔۔۔ سا۔ پا پا پا۔	سا۔ پا پا پا۔ نی ۔نی سا۔سا سا۔پا پا پا ۔	سا۔ پا پا پا۔ رے۔۔ ۔۔گا پا۔ دھا دھانی۔	پادھا پا ما ۔گا گاماگارے گارے دھا پا۔ پا ۔۔	ما۔ گا رے۔۔ سا۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔ ۔ ۔۔۔	نی۔ نی سا۔سا سا۔ پا پا پا۔ ۔۔۔ ۔۔۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نظامِ انڈوپاک موسیقی

اِنڈوپاک موسیقی اور مغربی موسیقی میں فرق وہی ہے جو کہ نغمگی (Melody) اور ہم آہنگی (Harmony) میں ہے۔ اگر کچھ سُر کسی ترتیب سے یکے بعد دیگرے گائے یا بجائے جائیں تو اس سے نغمگی پیدا ہوتی ہے۔ لیکن اگر چند سُر ایک ساتھ بجائے جائیں اور سماعت پر اُن کا تاثر خوشگوار ہو تو ایسی کیفیت کو ہم آہنگی کہلاتی ہے۔ دونوں موسیقی میں ایک بات مُشترک ہے کہ دونوں میں سپتک بارہ حصوں (Semi Tones) میں منقسم ہے۔ ہمارا بُنیادی ٹھاٹھ کلیان ہے جبکہ مغربی موسیقی کا بنیادی ٹھاٹھ میجر سکیل (بلاول ٹھاٹھ) ہے۔

ہماری موسیقی میں نغمگی کو ابتدا ہی سے اہمیت حاصل رہی ہے۔ جس کی وجہ سے صدیوں کے ارتقائی عمل سے ٹھاٹھ اور راگ نظام نے جنم لیا۔ بُنیادی ٹھاٹھ کلیان ہے۔ جس میں کھرج اور پنچم قائم سر کہلاتے ہیں اور باقی پانچ سُروں کے دو دو رُوپ، کومل اور تیور ہیں۔ چونکہ اِس موسیقی میں ایک وقت میں صرف ایک رُوپ اِستعمال ہوتا ہے۔ اِسلئے اِن سے ۳۲ ٹھاٹھ بنائے جاسکتے ہیں۔ اِن میں سے صرف دس ٹھاٹھ اپنائے گئے ہیں۔

ہماری موسیقی میں کھرج ایک قائم اور بنیادی سُر ہے۔ جس پر ہمارا نظام موسیقی اُستوار ہے۔

نظامِ مغربی موسیقی

مغربی موسیقی کی بُنیاد ہم آہنگی پر ہے۔ اِس کا بُنیادی ٹھاٹھ میجر سکیل (بلاول ٹھاٹھ) ہے۔ ۳۲ ٹھاٹھوں میں سے واحد ایک ہم آہنگ ٹھاٹھ ہے۔ اِس کی دھیوت (A) سے پیدا ہونے والی سکیل مائنر سکیل (آساوری ٹھاٹھ) کہلاتی ہے۔ اِن دو سکیل کی مدد سے ہی سٹاف نوٹیشن (سُر نویسی) کی جاتی ہے۔ میجر سکیل کی سُروں کے درمیان کی سُروں کی پہچان کیلئے شارپ (Sharp) اور فلیٹ (Flat) نشانات اِستعمال کئے جاتے ہیں۔

مغربی موسیقی کا سارا نظام اِسی ٹھاٹھ پر ہے۔ چونکہ اِنسانی آواز کی وسعت (Range Campass) مختلف گائیک کیلئے مختلف ہو سکتی ہے۔ اِس وجہ سے اِس موسیقی میں سپتک کی ہر سُر سے میجر سکیل بجانے کا رواج ہے۔ تاکہ سُر نویسی میں آسانی ہو۔ ہماری موسیقی کے برعکس مغربی موسیقی میں بُنیادی سُر C (کھرج) ہے جس کی فریکونسی 240 ہے۔ تمام سازوں میں اِس کا تعین کردیا گیا ہے۔ پیانو میں پہلا سفید پردہ C ہے۔ اِس پردے سے میجر سکیل کیلئے بالترتیب سارے سفید پردے اِستعمال ہوتے ہیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کومل اور تیور سُر Flat & Sharp Notes

سپتک کے بیان میں بتایا گیا تھا کہ سپتک کو سات حصوں میں تقسیم کر کے اُن کے نام بالترتیب کھرج (سا)، رکھب (رے)، گندھار (گا)، مدھم (ما)، پنچم (پا)، دھیوت (دھا) اور نکھاد رکھ لئے گئے ہیں۔ یہ تقسیم اِس طرح سے کی گئی ہے کہ ہر سُر، بنیادی سر کھرج سے ایک خاص نسبت سے اُونچی ہے۔ (آواز کی اُونچائی فی سیکنڈ لہروں سے ماپی جاتی ہے)۔ اِسی طرح سپتک کی مزید تقسیم کی گئی ہے۔ جس سے سپتک بارہ حصوں میں (Semi Tones) میں تقسیم ہو جاتی ہے۔ اِن نئی سُروں کے نام بھی اِسی طرح رکھے گئے ہیں لیکن فرق کے ساتھ۔

کومل سُر: نی* دھا* ما* گا* رے*

تیور سُر: سا̅ نی دھا پا ما گا رے سا

۴۸۰ ۴۵۰ ۴۰۵ ۳۶۰ ۳۲۰ ۳۰۰ ۲۷۰ ۲۴۰

اُونچی آواز: سپتک

نی* دھا* ما گا* رے*



بلاول ٹھاٹھ: سا̅ نی دھا پا ما* گا رے سا

مندرجہ بالا شکل سے واضح ہے۔ کہ سوائے کھرج (سا) اور پنچم (پا) کے باقی تمام سُروں کے دو دو رُوپ ہیں۔

اگر کسی ساز پر کسی سُر کے دونوں رُوپ بجائے جائیں تو بآسانی محسوس کیا جا سکتا ہے کہ اِن میں سے ایک سُر دوسرے سے اُونچی ہے۔ نچلی سُر کومل کہلاتی ہے اور اُونچی سُر تیور۔ چونکہ کھرج (سا) اور پنچم (پا) کے دو رُوپ نہیں ہوتے اِسلئے اِنھیں اچل یا قائم سُر کہتے ہیں۔ سپتک میں یہ بارہ سُر مندرجہ ذیل ترتیب سے ہوتے ہیں۔

(۱) کھرج (۲) کومل رکھب (۳) تیور رکھب (۴) کومل گندھار (۵) تیور گندھار (۶) کومل مدھم (۷) تیور مدھم (۸) پنچم (۹) کومل دھیوت (۱۰) تیور دھیوت (۱۱) کومل نکھاد (۱۲) تیور نکھاد۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سپتک کی یہ بارہ سُر، مختصراً یوں لکھی جاسکتیں ہیں۔ (کومل سُروں کے اُوپر * نشان دیا گیا ہے۔)

سا رے* رے ما* ما پا دھا* دھا نی* نی

یاد رہے کہ ہماری موسیقی میں ان دونوں رُوپ میں سے ایک وقت میں صرف ایک رُوپ استعمال ہوتا ہے۔ اگر دونوں استعمال کرنے ہوں تو اس طرح سے کہ آروہی (Ascending) میں تیور اور امروہی (Descending) میں کومل رُوپ۔ کومل تیور سُروں کو باری باری استعمال کر کے ۳۲ مختلف ابتدائی سرگم یا ٹھاٹھ بنائے جاسکتے ہیں۔ اسی طرح سے کسی ٹھاٹھ میں سے کوئی ایک یا دو سُر چھوڑ دینے سے یا کسی سُر کے اضافہ سے یا سُروں کی چال تبدیل کر کے گانے بجانے کے لئے لاتعداد نئی سرگمیں بنائی جاسکتی ہیں۔ یہی اخذ شدہ نغماتی سرگم، راگ یا راگنی کہلاتی ہیں۔

جس طرح ہماری موسیقی میں بنیادی سرگم یا ٹھاٹھ، کلیان ہے۔ اسی طرح مغربی موسیقی میں بنیادی ٹھاٹھ میجر سکیل (Major Scale) ہے جسے ہم بلاول ٹھاٹھ کہتے ہیں۔ ان دونوں ٹھاٹھوں میں یہ فرق ہے کہ کلیان میں سب سُر تیور ہیں، جبکہ میجر یا بلاول میں مدھم کومل اور باقی سُر تیور ہیں۔ ہم پیانو کے کسی پردے Key کو ماں کر گا سکتے ہیں لیکن مغربی موسیقی میں یہ پیانو کے پہلے سفید پردے پر متعین ہے۔ اور اس مقام سے اس سکیل کیلئے تمام سفید پردے استعمال ہوتے ہیں۔ میجر سکیل کی درمیانی سُروں (سیاہ پردوں) کے اظہار کیلئے شارپ (Sharp) اور فلیٹ (Flat) کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

مغربی موسیقی کی سُر نویسی کا طریقہ کار

کوئی بھی نغمہ ہو وُہ آواز کی وسعت کے لحاظ سے کسی ساز کے کسی بھی پردے سے بجایا گایا جاسکتا ہے۔ چونکہ ہماری موسیقی کی بنیاد کلیان ٹھاٹھ پر ہے (سب تیور سُر)۔ اپنے من پسند سُر سے گانے کیلئے اُس پردے سے ساز پر کلیان ٹھاٹھ کے سُر معلوم کر لیں۔ چونکہ تیور سُروں کے درمیانی سُر کومل ہوتے ہیں اسلئے اپنے نغمے کا ٹھاٹھ دیکھ لیں۔ اس کیلئے عام طور سے کھرج مان کر گائے جانے والے پردوں سے کلیان ٹھاٹھ کی مشق ہونی چاہیے۔ اس کتاب کے صفحہ ۱۱ پر ہارمونیم کے بیان میں وضاحت سے لکھ دیا گیا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کی سگنیچر ٹھاٹھ نشان (Key signature)

مغربی موسیقی کی سُر نویسی Staff Notation کا اپنا طریق کار ہے۔ سٹاف نوٹیشن کی بنیادی سکیل میجر سکیل Major Scale (بلاول) ہے۔ اور اسی کی مدد سے سُر نویسی کی جاتی ہے۔ مغربی موسیقی میں سازوں پر سات سُر C ,D, E وغیرہ کی صورت میں متعین کر دیئے گئے ہیں ہے۔ پیانو کی بورڈ کے پہلے سفید پردے سے میجر سکیل کیلئے سارے سفید پردے استعمال ہوتے ہیں۔ میجر سکیل کی درمیانی سُروں (سیاہ پردوں) کی نشان دہی کیلئے سپتک کے ہر سُر سے میجر سکیل نکال لی گئی ہے۔ اس طرح سے ہر میجر سکیل میں کچھ سیاہ پردے شامل ہو جاتے ہیں۔ گلوکار نے سپتک کے جس پردے سے گانا ہو، نغمے کی نوٹیشن اس سُر کی میجر سکیل سے کی جاتی ہے۔ اور استعمال ہونے والے سیاہ پردوں کی نشان دہی کیلئے سٹاف کے شروع میں کلیف کے بعد فلیٹ، شارپ کی صورت میں لکھ لیا جاتا ہے۔ اسی کو کی سگنیچر Key Signature کہتے ہیں۔ صفحہ ۴۲ پر عام استعمال ہونے والے کی سگنیچر دیئے گئے ہیں۔ ان کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے۔ ہم اپنی کلاسیکی موسیقی کے پہلے چھ ٹھاٹھوں کے راگوں کیلئے مغربی موسیقی کی چھ میجر سکیلز استعمال کر سکتے ہیں۔

ٹائم سگنیچر ۔ تال نشان (Time Signature)

مغربی موسیقی میں تال نظام ہماری موسیقی کے مقابلے بہت ہی سادہ ہے۔ سُر نویسی میں ایک آورد Bar میں تین یا چار ماترے ہوتے ہیں۔ لیکن چونکہ سُروں کی وقفہ کے لحاظ سے مختلف صورتیں ہیں اسلئے ان کے استعمال سے لے کا تعین کیا جاتا ہے اور یہی سٹاف نوٹیشن کی خوبصورتی ہے۔ ان کا عام مستعمل سُر کروچٹ کہلاتا ہے۔ (سٹاف پر ایک سیاہ چھوٹا گول دائرہ) جو ہمارا ایک ماترہ سُر ہے۔ عموماً 2/4 , 3/4 , 4/4 , 6/8 اعداد تال کے نام کے طور پر استعمال کئے جاتے ہیں۔ چار کا ہندسہ کروچٹ سُر کا استعمال ظاہر کرتا ہے اور اوپر کا ہندسہ ظاہر کرتا ہے۔ کہ ایک آورد Bar (دو افقی لکیروں کے درمیان) کتنے کروچٹ سُر ہیں۔ آٹھ کا ہندسہ کروچٹ سُر کا آدھا وقفہ ادائیگی ظاہر کرتا ہے۔ جس کی ادائیگی سے لے تیز ہو جاتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

